58 Year

# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد




## رضوی کو کوچ نے اعتماد دیا

سنچری اسکور کرنے والے سمیر رضوی نے انکشاف کیا ہے کہ ہیڈ کوچ ہیمنگ بدانی نے انہیں نمبر ۴ پر بیٹنگ کی ذمہ داری سونپی اور اپنا قدرتی کھیل کھیلنے کا مشورہ دیا۔ رضوی نے میچ کے بعد صحافیوں کو بتایا کہ شروع میں حالات مشکل تھے اور ٹیم نے جلد وکٹیں گنوادیں، جس کے بعد انہوں نے ٹرسٹن اسٹبس کے ساتھ مل کر اننگز کو آگے بڑھانے کا فیصلہ کیا۔(تفصیلات اندر)



## سینٹنر ممبئی انڈینز میں شامل

بائیں ہاتھ کے اسپنگ آل راؤنڈر مچل سینٹنر آئی پی ایل کے موجودہ سیزن کے لیے ممبئی انڈینز کی ٹیم میں شامل ہو گئے ہیں۔ ان کی شمولیت سے ممبئی انڈینز کو مزید تقویت ملی ہے، جس نے اپنے پہلے میچ میں کولکتہ نائٹ رائیڈرز کو شکست دی تھی۔ سینٹنر کے ہفتہ کو دہلی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں دہلی کیپیٹلز کے خلاف کھیلنے کی امید ہے۔(تفصیلات اندر)


www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 91 | صفحات: 08 | ۳ اپریل ۲۰۲۶ بروز جمعۃ المبارک بمطابق ۱۴ شوال ۱۴۴۷ | Friday 03rd April 2026 | جلد نمبر 58


## لیفٹیننٹ گورنر کی اسمبلی سے منظور شدہ تین بلوں کی منظوری

## سیکریٹری قانون ساز اسمبلی نے ایوان کو آگاہ کرتے ہوئے پڑھ کر سنایا



جموں/سیکرٹری قانون ساز اسمبلی منوج کمار پنڈت نے آج ایوان کو آگاہ کیا کہ لیفٹیننٹ گورنر نے قانون ساز اسمبلی سے منظور شدہ تین بلوں کی منظوری دے دی ہے۔ سیکرٹری نے ایوان کو آگاہ کرتے ہوئے پڑھ کر سنایا کہ جموں و کشمیر جن وشواس (ترمیمی دفعات) بل 2026 (ایل اے بل نمبر 1 بتاریخ 2026)، جموں و کشمیر کوڑھ سے متاثرہ افراد کے خلاف امتیازی سلوک کو ختم کرنے کا بل 2026 (ایل اے بل نمبر 2 بتاریخ 2026) اور جموں و کشمیر سٹیٹ سول کورٹس (ترمیمی) بل 2026 (ایل اے بل نمبر 3 بتاریخ 2026) جو کہ قانون ساز اسمبلی سے منظور ہوئے تھے، لیفٹیننٹ گورنر نے انہیں 31/مارچ 2026 کو منظوری دے دی ہے۔




## ہندوستان کسی بھی توانائی بحران سے نمٹنے کیلئے تیار/ راج ناتھ سنگھ

## پاکستان نے پھر کوئی بزدلانہ حرکت کی تو کارروائی فیصلہ کن ہوگی



سرینگر/ سی این آئی/ ایران جنگ کی وجہ سے موجودہ عالمی صورتحال کے درمیان ہندوستان کے پڑوسی کی طرف سے کی گئی کسی بھی ناپاک حرکت کی صورت میں فیصلہ کن کارروائی کا انتباہ جاری کرتے ہوئے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا کہ آپریشن سندور ابھی ختم نہیں ہوا اور اگر پاکستان نے کوئی حرکت کی تو ہندوستان کی کارروائی بے مثال اور فیصلہ کن ہوگی۔ سی این آئی کے مطابق انتخابی کیرالہ میں ایک سینک سمان سمیلن سے خطاب کرتے ہوئے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا کہ ہندوستانی بحریہ کے جہاز آبنائے ہرمز کے ذریعے ملک کے ٹینکروں کو محفوظ طریقے سے لے جا رہے ہیں۔ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کسی کا/1

## 1979ء کا پنجاب کے ساتھ بجلی کا معاہدہ ایک خودمختار عہد ہے/ وزیر اعلیٰ

## میں اِس معاملے کو حکومت پنجاب کے ساتھ اُٹھاؤں گا اور اَپنے ہم منصب سے بھی بات کروں گا



جموں/ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا کہ جموں و کشمیر اور پنجاب کی حکومتوں کے درمیان 1979 کا معاہدہ ایک خودمختار عہد ہے جس کا من وعن احترام کیا جانا چاہیے۔ اُنہوں نے یہ بات ایوان میں اس وقت کہی جب وہ رنجیت ساگر ڈیم پروجیکٹ سے جموں و کشمیر 20 فیصد بجلی کے حصہ، مقامی لوگوں کے لئے روزگار اور معاوضے کے بارے میں رُکن اسمبلی بسوہلی درشن کمار کے ضمنی سوال کا جواب دے رہے تھے۔ وزیر اعلیٰ نے قانون ساز اسمبلی کے جاری بجٹ سیشن کے وقفہ سوالات کے دوران کہا، ’’میں اِس معاملے کو حکومت پنجاب کے ساتھ اُٹھاؤں گا اور اَپنے ہم منصب سے بھی بات کروں گا۔ ہم پوری کوشش کریں گے کہ 1979 کا معاہدہ من وعن عملایا جائے۔‘‘ وزیر اعلیٰ جن کے پاس محکمہ بجلی کا قلمدان بھی ہیں، نے کہا کہ وہ ذاتی طور پر پنجاب کے وزیر اعلیٰ کے ساتھ بات کریں گے تاکہ یہ واضح کیا جاسکے کہ یہ معاہدہ دونوں حکومتوں کے درمیان ایک لازمی خودمختار عہد کا پابند ہے۔ اُنہوں نے ایوان کو بتایا کہ 1979 کے معاہدے کے مطابق جموں و کشمیر کو تھین ڈیم اور شاہپور کنڈی بیراج سے پیدا ہونے والی مجموعی بجلی کا 20 فیصد حصہ بس بار لاگت پر حاصل کرنے کا حق ہے۔ اُنہوں نے مزید بتایا کہ پی ایس پی سی ایل/3

## آج ملک کی پوری توجہ فرض شناسی پر مرکوز ہے/ وزیر اعظم مودی

## پرانے نظام میں ’’افسر‘‘ ہونے پر بہت زیادہ زور دیا جاتا تھا



نئی دہلی/ یو این آئی/ وزیر اعظم نریندر مودی نے تیزی سے بدلتے ہوئے عالمی منظرنامے کے ساتھ عوامی خدمات کے تال میل کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے جمعرات کو کہا کہ ہندوستان تیزی سے بدلتے ہوئے عالمی نظام کے درمیان تیز رفتار سے ترقی کر رہا ہے اور اسے اپنے نظامِ حکمرانی کو مسلسل جدید بناتے رہنا ہوگا۔ مودی نے آج صلاحیت سازی کمیشن کے یومِ تاسیس کے موقع پر 'کرم یوگی سادھنا سپتاہ' سے ویڈیو پیغام کے ذریعے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کرم یوگی سادھنا سپتاہ اس بات کو یقینی بنانے کی کوششوں میں ایک اہم کڑی ہے کہ ہماری عوامی خدمات 21 ویں صدی میں بامعنی اور جوابدہ بنی رہیں۔ موجودہ طرزِ حکمرانی کے رہنما اصولوں پر تفصیل سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ انتظامیہ کا بنیادی منتر "ناگرک دیو بھو" ہے، جس کا مطلب شہری کو سب سے مقدم اور معتبر ماننا ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ عوامی خدمات کو زیادہ اہل اور شہریوں کے تئیں زیادہ حساس بنانے کے لیے ان کی ازسرنو تشریح کی جا رہی ہے اور حکمرانی کو صحیح معنوں میں شہریوں کے لیے توجہ کا مرکز بنا کر اسے ایک نئی پہچان دی جا رہی ہے۔ وزیر اعظم نے صلاحیت کمیشن کے قیام پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آزادی کے بعد سے بہت سے ادارے مختلف مقاصد کے ساتھ کام/2

## جموں و کشمیر میں ڈیلی ویجرز کی مستقلی پر کمیٹی کی رپورٹ کا جائزہ جاری ہے

## کم از کم اُجرتوں کی نظر ثانی بھی زیر غور، سرکار کا دعویٰ

سرینگر/ جموں و کشمیر اسمبلی میں آج اُس وقت اہم بحث چھڑ گئی جب رکنِ اسمبلی رنبیر سنگھ پٹھانیہ نے ڈیلی ویجرز، کیژول، سیزنل اور دیگر عارضی ملازمین کی مستقلی کے حوالے سے حکومت سے موجودہ موقف جاننے کا مطالبہ کیا۔ حکومت کی جانب سے پیش کیے گئے تحریری جواب میں بتایا گیا کہ 19 مارچ 2025 کو چیف سیکریٹری کی سربراہی میں ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے، جس کا کام مختلف زمروں کے عارضی ملازمین کی مستقلی سے جڑے انسانی، قانونی اور مالی پہلوؤں کا جامع جائزہ لینا ہے۔ حکومت کے مطابق یہ معاملہ متعدد زمروں، سروس رولز، قانونی اثرات اور مالی ذمہ داریوں سے تعلق رکھتا ہے اور کمیٹی تمام محکموں/4

## اجازت رہائشی مکان کیلئے تعمیر شاپنگ پلازہ کیلئے معاملہ قانونی

## سرینگر میونسپل کارپوریشن کے پانچ افسران اور ایک شہری کے خلاف چارج شیٹ

سرینگر/ یو پی آئی/ انسدادِ بدعنوانی بیورو نے جمعرات کے روز سری نگر میونسپل کارپوریشن کے پانچ افسران اور ایک نجی فائدہ اٹھانے والے شخص کے خلاف راج باغ میں مبینہ غیر قانونی کمرشل کمپلیکس کی تعمیر سے متعلق اہم مقدمے میں چارج شیٹ دائر کر دی ہے۔ یہ کارروائی برسوں سے زیرِ بحث اس معاملے میں ایک بڑی پیش رفت سمجھی جا رہی ہے۔ سرکاری بیان کے مطابق اے سی بی نے ایف آئی آر نمبر 11/2020 کے تحت بدعنوانی ایکٹ 2006 کی متعلقہ دفعات اور B-120 کے تحت مقدمہ درج کرنے کے بعد تمام شواہد مکمل کر کے چارج شیٹ عدالت میں پیش کی۔ یہ چارج شیٹ عدالتِ اضافی سیشن جج اینٹی کرپشن،/5

## جموں و کشمیر میں 10 سال سے نئے راشن کارڈوں کا اجرا معطل/ سرکار

## راشن کارڈوں کے ہدف اور مستحق خاندانوں کی تعداد حکومتِ ہند طے کرتی ہے

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں و کشمیر اسمبلی میں اُس وقت اہم بحث دیکھنے میں آئی جب رکنِ اسمبلی وجے کمار نے سوال اٹھایا کہ گزشتہ دس برسوں سے نئی راشن کارڈوں کے اجرا اور خاندانوں کی تقسیم روک دی گئی ہے، جس کے باعث ہزاروں اہل کنبے مختلف سرکاری و مرکزی اسکیموں کے فوائد سے محروم ہو رہے ہیں۔ اس سلسلے میں محکمہ خوراک، شہری رسدات و امورِ صارفین نے اپنے تحریری جواب میں واضح کیا کہ راشن کارڈ بنیادی طور پر پبلک ڈسٹری بیوشن سسٹم کے تحت سبسڈی والے اناج کی فراہمی اور مستحق گھریلو یونٹس کی شناخت کے لیے جاری کیے جاتے ہیں۔ محکمے کے مطابق راشن کارڈ کا مقصد صرف اسی نظام تک محدود ہے، البتہ بعض ریاستی و مرکزی اسکیموں میں اسے شناختی دستاویز کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ محکمہ نے بتایا کہ/6

## جموں و کشمیر میں ایل پی جی اور ایندھن کے ذخائر موجود ہیں تاہم

## طویل جنگ سے سپلائی متاثر ہونے کا خدشہ ضرور ہے/ سرکار

سرینگر/ خلیجی جنگ سے ایل پی جی، پیٹرول، ڈیزل متاثر ہونے کا عندیہ دیتے ہوئے جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ جموں و کشمیر میں ایل پی جی اور ایندھن کے ذخائر موجود ہیں تاہم طویل جنگ سے سپلائی متاثر ہونے کا خدشہ ضرور ہے۔ جموں و کشمیر میں فی الحال 10 سے 15 دنوں کیلئے ذخائر موجود ہیں، عوام کو گھبرانے کی ضرورت نہیں۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا کہ جموں و کشمیر میں ایل پی جی اور دیگر ایندھن کے ذخائر اس وقت وافر مقدار میں موجود ہیں تاہم انہوں نے خبردار کیا کہ اگر عالمی سطح پر یہ جنگ طویل عرصے تک جاری رہی تو سپلائی متاثر ہوسکتی ہے۔///9

## دکانداروں سے رقم ادا کیے بغیر بار بار سامان لئے جانے کا الزام

## ملزم کانسٹیبل کی تنخواہ میں سالانہ اضافہ روکنے کی سزا برقرار

سرینگر/ یو این آئی/ جموں و کشمیر میں بارہمولہ کی پولیس نے ایک کانسٹیبل کی نظر ثانی کی درخواست کو مسترد کرتے ہوئے عام لوگوں کے ساتھ بدسلوکی کے معاملے میں دی گئی سزا کو برقرار رکھا ہے۔ پولیس کے مطابق تحقیقات میں پایا گیا تھا کہ پولیس پوسٹ 'باب ریشی' میں تعینات سید سجاد احمد مقامی دکانداروں سے رقم ادا کیے بغیر بار بار سامان لیتے تھے، جب کہ انہیں پہلے ہی اس حوالے سے تنبیہ کی جا چکی تھی۔ متعلقہ اہلکار کا یہ طرزِ عمل بار بار، دانستہ اور ایک پولیس افسر کے عہدے کے منافی تھا، جس سے عوام کے اعتماد کو ٹھیس پہنچی۔ اس معاملے میں پہلے 'تین سال کے لیے سالانہ تنخواہ میں اضافہ روکنے' کی سزا دی گئی/8

## بنگال میں تبدیلی کیلئے چابی بھوانی پور کے ہاتھ میں ہے/ امیت شاہ

## ممتا بنرجی پر بدعنوانی، ’’سنڈیکیٹ راج‘‘ اور بڑھتی دراندازی کا الزام



کولکاتہ/ یو این آئی/ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے جمعرات کے روز مغربی بنگال میں سیاسی تبدیلی کے لیے بھوانی پور اسمبلی حلقہ کو فیصلہ کن میدانِ جنگ قرار دیا اور کہا کہ پوری ریاست کو بدلنے کی کنجی بھوانی پور کے ووٹروں کے ہاتھ میں ہے۔ روڈ شو سے پہلے جنوبی کولکاتہ کے ہاجرا میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے امت شاہ نے مغربی بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی اور ان کی حکومت پر حملہ کیا۔ انہوں نے وسیع پیمانے پر بدعنوانی، 'سنڈیکیٹ راج' اور بڑھتی دراندازی کا الزام لگاتے ہوئے کہا کہ اس سے ریاست کی شناخت خطرے میں پڑ گئی ہے۔ انہوں نے ووٹروں سے بھوانی پور میں بی جے پی امیدوار شوبھندو ادھیکاری/7

## پلوامہ میں منشیات مخالف کارروائی

## 30 لاکھ مالیت کا رہائشی مکان قرق/ پولیس

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں و کشمیر پولیس نے منشیات کے غیر قانونی دھندے کے خلاف اپنی مہم کو مزید تیز کرتے ہوئے ضلع پلوامہ میں 30 لاکھ روپے مالیت کا ایک رہائشی مکان این ڈی پی ایس ایکٹ کے تحت ضبط کر لیا۔ پولیس کے مطابق یہ کارروائی منشیات کی اسمگلنگ کے مالی نیٹ ورک کو توڑنے کی وسیع حکمتِ عملی کا حصہ ہے۔ پولیس ترجمان نے بتایا کہ کارروائی واگہام علاقے میں عمل میں لائی گئی ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ یہ جائیداد منشیات کی اسمگلنگ سے حاصل شدہ رقم سے بنائی گئی تھی، جس کے ثبوت میسر آنے کے بعد/10

## جب ممبر اسمبلی بجبہاڑہ بشیر احمد ویری اسمبلی میں اظہار خیالات کرتے کرتے رو پڑے





سرینگر/ اے پی آئی/ بجبہاڑہ حلقے کے ممبر اسمبلی ڈاکٹر بشیر احمد ویری کے ایوان میں جذباتی ہونے اور آنسو بہانے کی کارروائی کو نائب وزیر اعلیٰ نے ڈرامہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ ممبر اسمبلی کو سرینگر، بڈگام اور گاندربل حلقے کے ممبر پارلیمنٹ کے رشتوں کے ساتھ وضاحت کرنی چاہیے اور انہیں عوام کو بالعموم اور میرٹ زمرے میں آنے والے نوجوانوں کی اتنی ہمدردی تھی تو جموں و کشمیر کے ایل جی کے ساتھ رابطہ کیوں نہیں کیا۔ حکومت نے اپنا کام کیا اب ایل جی کی یہ ذمہ داری ہے کابینہ کی جانب سے رپورٹ کو اپرول دیں یا نہ دیں۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق بجبہاڑہ حلقے کے ممبر اسمبلی ڈاکٹر بشیر احمد ویری نے جوں ہی ریزرویشن کے بارے میں اپنی بل ایوان کے سامنے رکھنے کی کوشش کی تعلیم صحت سماجی بہبود کی وزیر سکینہ یتو اپنی نشست سے کھڑی ہوگئی اور بل کو مسترد کر دیا جس پر بجبہاڑہ حلقے کے ممبر اسمبلی ڈاکٹر بشیر احمد ویری جذباتی ہوگئے اور اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر سے مخاطب ہوتے ہوئے انہوں نے اس بل کے حوالے سے اپنے جزبات اور احساسات کا اظہار کرتے ہوئے کہا الیکشن کے موقع پران کے حلقے کے نوجوان کی بڑی تعداد نے این سی کو اس لئے سپورٹ کیا تھا کہ اس پارٹی نے نوجوانوں خاص کر میرٹ زمرے میں آنے والے نوجوانوں/15

## NIT سرینگر اہم عہدوں کی کرسیاں برسوں سے خالی ہونے پر

## ممبر پارلیمنٹ میاں الطاف کا اظہار تشویش، مرکزی وزیر کے نام خط



سرینگر/ اے پی آئی// این آئی ٹی سرینگر میں اہم عہدوں کی کرسیاں خالی ہونے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ممبر پارلیمنٹ نے مرکزی سرکار پر زور دیا کہ خالی اسامیاں ادارے کیلئے ناقابل برداشت ہیں۔ نیشنل کانفرنس کے رکن پارلیمنٹ میاں الطاف احمد نے مرکزی وزیر تعلیم درمیندر پردھان کے نام ایک خط روانہ کیا جس میں انہوں نے این آئی ٹی سرینگر میں طویل عرصے سے خالی پڑے اہم عہدوں کا مسئلہ اُجاگر کرتے ہوئے کہا کہ اس اہم تعلیمی ادارے کی کارکردگی نہ صرف متاثر ہو رہی ہے بلکہ اس پر سوالات بھی اٹھ رہے ہیں۔ انہوں نے اپنے خط میں وزیر تعلیٰ سے مطالبہ کیا کہ ان اہم عہدوں کو ترجیح بنیادوں پر/12

## پری پیڈ بجلی میٹر لگانا لازمی نہیں

## مرکزی حکومت کا لوک سبھا میں بیان

سرینگر/ یو پی آئی/ مرکزی حکومت نے جمعرات کے روز لوک سبھا میں واضح کیا کہ صارفین کے لئے پری پیڈ بجلی میٹر نصب کرنا ہرگز لازمی نہیں ہے۔ وقفہ سوالات کے دوران ضمنی سوالات کا جواب دیتے ہوئے مرکزی وزیر بجلی منوہر لال کھٹر نے اس تاثر کو سختی سے مسترد کر دیا کہ حکومت نجی کمپنیوں کی طرز پر شہریوں کو زبردستی پری پیڈ میٹرز پر منتقل کرنا چاہتی ہے۔ ایک سوال کے جواب میں، جس میں کہا گیا تھا کہ/11

## راج باغ سنگر مال فلے اوور کی تعمیر کو جموں و کشمیر سرکار کی بالآخر منظوری

## دیر آید درست آید، ٹورازم کے سینئر کردار خضر محمد ڈار کا اظہار مسرت اور وزیر اعلیٰ کو مبارک باد



Player

جموں و کشمیر کابینہ نے موسم گرما کے دارالحکومت میں شہری بنیادی ڈھانچے اور نقل و حرکت کی منصوبہ بندی پر نئے سرے سے توجہ مرکوز کرنے کا اشارہ دیتے ہوئے راجباغ سنگر مال فلائی اوور کی تعمیر کو منظوری دی ہے۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی قیادت میں 26 مارچ کو کابینہ کی طرف سے منظوری دی گئی اس پروجیکٹ پر تخمینہ 144.36 کروڑ روپے لاگت آئے گی۔ ٹورازم کے اہم Player حاجی خضر محمد ڈار نے کافی عرصہ قبل متذکرہ مقام پر ٹریفک کی آمدورفت کیلئے فلے اوور کی ضرورت پر زور دیا تھا، اس سلسلہ میں حاجی خضر محمد ڈار صاحب نے ذاتی طور حکام سے ملاقاتیں کی تھیں اور ذرائع ابلاغ کے ذریعہ اپنی خواہشات کا اظہار کیا تھا۔ انہوں نے بار بار کہا تھا کہ پُل کی تعمیر سے ٹورازم کو عروج مل جائے گا اور ٹریفک کے مسائل بہت حد تک دُور ہو جائیں گے۔ حاجی خضر محمد نے ایک طویل مدت کے بعد ایک اہم مقام پر فلے اوور کی تعمیر کے فیصلہ کو دیر آید درست آید قرار دیتے ہوئے البتہ یہ اُمید ظاہر کی ہے کہ اب کام کو ہاتھ میں لینے میں دیر نہ کی جائے۔ اس سلسلہ میں حاجی خضر محمد ڈار نے وزیر اعلیٰ کے پرائیویٹ سیکریٹری کے نام اپنے مکتوب میں وزیر اعلیٰ اور حکومت کے باقی متعلقہ محکمہ جات کو مبارک باد پیش کی۔/14

## گھنٹہ گھر لال چوک میں سکول وین بے قابو، ڈرائیور جان بحق

## گاڑی میں موجود طالب علم بال بال بچ گئے، دو دیگر زخمی

سرینگر/ اے پی آئی/ سرینگر کے مصروف ترین علاقے لالچوک گھنٹہ گھر کے قریب اُس وقت سنسنی اور خوف ودہشت کا ماحول پھیل گیا جب ایک اسکول وین حادثے کی شکار ہوئی۔ ڈرائیور لقمہ اجل، دو زخمی، تاہم طلبہ محفوظ رہے۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق سرینگر کے لالچوک علاقے میں اسکول وین کے حادثے میں ڈرائیور جاں بحق ہوا جبکہ دیگر دو افراد زخمی ہوئے۔ تاہم وین میں سوار طلبہ اس حادثے می بال بال بچ گئے۔ پولیس کی جانب سے جاری کئے گئے بیان کے مطابق اسکول وین چلانے والا ڈرائیور 47 سالہ جاوید احمد جو عمر آباد بمنہ سے تعلق رکھتا تھا حادثے کے دوران شدید طور پر زخمی ہوا، جسے فوری طور پر ایس ایم ایچ ایس اسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ زندگی کی جنگ ہار گیا۔ پولیس کے مطابق جاوید اسکول وین چلا رہے/13

